© rasailojaraid.com



ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات ان کی

پولیس اصلاحات سے لوگوں پر ظلم نہیں ہوگا۔ (پرویز مشرف)

ایں خیال است محال است وجنوں

افسوس! قاضی مجرم کی جلاوطنی پر شور مچار ہے ہیں۔ (سرکاری ترجمان)

جلاوطنی پر نہیں فرار پر شور مچار ہے ہیں۔

لاؤڈ سپیکر پر پابندی درود شریف پڑھنے سے روکنے کے لیے لگائی گئی۔ (ایک عالم)

یعنی جو لاؤڈ سپیکر کے بغیر پڑھا جائے وہ درود شریف نہیں ہوتا۔

نواز، بے نظیر دونوں چور دفع ہو گئے۔ (فاروق لغاری)

چیچو چیچ گنڈیری دونوں　　　رات کی ہیرا پھری دونوں

جنوری سے بجلی کی آٹھ گھنٹے لوڈشیڈنگ کا فیصلہ (ایک خبر)

مگر بل پہلے سے دگنے آئیں گے۔

مجھے بنیاد پرستی کے لئے خطرہ سمجھا جاتا ہے۔ (بے نظیر)

خدا تجھے تباہ و برباد کرے!

ڈپٹی کمشنر ملتان نے چار لاوارث قیدیوں کا جرمانہ ادا کر کے انہیں رہا کر دیا۔ (ایک خبر)

ایسے ڈپٹی کمشنر کی عظمت کو سلام

قوالی مسلمانوں کی میراث ہے۔ (عزیز میاں)

نہیں میراثیوں کی میراث۔

شریف فیملی جدہ پہنچ گئی۔ قیمتی سامان سے بھرے ایک سو ایک صندوق بھی ساتھ لئے گئے۔ (ایک خبر)

پہنچے سارے میاں جدے سونیے رب دی شان نرالی!
ہر کوئی پچھدا اے کی ہویا؟ اکو ہتھ نال وج گئی تالی

رواں سال میں ہر گیارہ گھنٹے بعد ایک پولیس افسر یا اہل کار گرفتار کیا گیا۔ (ایک خبر)

ایں خانہ ہمہ آفتاب است!

بلدیہ ملتان شعبہ پیور فوڈ کے جمعہ بازار میں چھاپے۔ (ایک خبر)

بقیہ ۱۱ پر

© rasailojaraid.com